الدرس الثامن

# الافعال المقاربة

| | | | |
|---|---|---|---|
| عسىٰ | كاد | كرب | اوشک |
| طفق | جعل | اخذ | |

(١) عسىٰ اَنْ تَكْرَهُو اشيئاً و هو خيرٌ لَّكُمْ وَعسىٰ اَنْ تُحِبُّوا شيئاً وَّهُوَ شرٌ لَّكمo

(٢) فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونo

(٣) يَكَادُالْبَرْق يَخْطَفُ اَبصَارَهُمْo

(٤) تَكَادُتَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِo

(٥) قَالَ رسُولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلَّم: ومَنْ آذانى فقد آذىٰ اللّٰه ومَنْ آذىٰ اللّٰه فيُوْشَكُ اَنْ يَّاخُذَه ٗo

(٦) كَرُبَ الثَّلْجُ يَذُوْبُo

(٧) يُوْشَكُ اَنْ يَّأتِى زَمَانٌ يَظُنُّ النَّاسُ الاَمَانَةَ غنِيْمَةًo

(٨) طَفِقَايَخصِفَان عليهما من وَّرَقِ الجنةِo

(٩) جَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلَّى اللّٰه عليهِ وسلم يَمْسَحُ رأسَهُo

(١٠) اَخَذَ زَيدٌ يكتُبُo

# حل لغات

| | | |
|---|---|---|
| عسیٰ | - | قریب ہے |
| کاد | - | قریب ہے |
| تکرھون | - | تم ناپسند کرتے ہو |
| ذبحوا | - | ان لوگوں نے ذبح کیا |
| ماکادو یفعلون | - | قریب تھا کہ وہ لوگ نہ کریں |
| برق | - | بجلی |
| یکاد یخطف | - | قریب ہے کہ اچک لے۔ |
| ابصار | - | نگاہیں (بصر کی جمع) |
| تکاد تمیز | - | قریب ہے کہ پھٹ پڑے |
| الغیظ | - | غصہ |
| آذیٰ | - | اس نے تکلیف پہنچائی |
| یوشک ان یاخذہ | - | قریب ہے کہ اس کو گرفت میں لے لے |
| الثلج | - | برف |
| کرب یذوب | - | پگھلنے لگا |
| یوشک ان یاتیٔ | - | قریب ہے کہ آئے |
| یظن | - | گمان کرے |
| طفقا یخصفان | - | وہ دونوں ڈھکنے لگے |
| ورق | - | پتا |
| مسح یمسح | - | ہاتھ پھیرنا، سر کا مسح کرنا |

اخذ یکتب - لکھنے لگا

یاتی به - لائے، لے کر آئے

کادوا یکونون علیه لبدا - قریب ہے کہ لوگ اس سے چمٹ جائیں

یتفطّرنَ - پھٹ پڑیں

تنشق - پھٹ پڑے

تخرُّ هذا - ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہوجائے

## یاد رکھنے کی باتیں

- عسیٰ ،کاد، کرب وغیرہ افعال مقاربہ کہلاتے ہیں۔

یہ افعال خبر کو مستقبل قریب میں واقع ہونے کو بتاتے ہیں۔

جیسے۔ عَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّاتِیَنِیْ جَمِیْعاً (امید ہے کہ اللہ پاک ہم سب کو اکٹھے لے آئے)

- یہ اپنے اسم کو رفع دیتے ہیں اور خبر کو نصب۔
- ان کی خبر ہمیشہ فعل مضارع ہوتی ہے۔
- افعال مقاربہ سات ہیں، جن میں سے مذکورہ چار افعال زیادہ مستعمل ہیں بقیہ کم۔

## مشق

(ا) درج ذیل سوالوں کے جواب عربی میں لکھیے۔

۱) ای شئ یکاد یخطف الابصار.

۲) ماذا اوشک الله أن یاخذه؟

۳) ماذا کرب یذوب؟

۴) من طفق عليه يخصف من ورق الجنّة؟

۵) من جعل يمسح رأسه؟

۶) ایّ شیٔ یکاد یفطّر؟

۷) من جعل يكتب ؟

۸) من كرب يلعب ؟

**سوال ۲ عربی میں ترجمہ کیجئے۔**

عنقریب ایک وقت آئے گا جب فقراء امیر ہو جائیں گے۔

حامد ایک کتاب لکھنے لگا۔

اَنس اپنا سبق یاد کرنے لگا۔

قریب ہے کہ عفیفہ اسکول جائے۔

عنقریب میں دہلی کا سفر کروں گا۔

قریب ہے کہ چراغ بجھ جائے (ینطفی)

قریب ہے کہ زمین پھٹ جائے۔

قریب ہے کہ چشمے اُبل پڑیں۔

**سوال ۳ درج ذیل الفاظ کے معانی لکھئے اور اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔**

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| اوشک أن یاخذ | | |
| تكاد تميز | | |
| كرب يذوب | | |
| يظن | | |

| | | |
|---|---|---|
| طفق | | |
| جعل | | |
| الارض | | |
| الجبال | | |
| أخذ | | |

سوال ۴ افعال مقاربہ کتنے ہیں اور وہ کیا عمل کرتے ہیں۔؟

سوال ۵ درج ذیل افعال پر غور کیجئے اور افعال مقاربہ کی شناخت کرکے اپنی کاپی پر لکھئے۔؟

كاد۔ كان۔ جعل۔ أكل۔ حمد۔ عسي۔ اوشك۔ يضرب۔ سجد

كرب۔ أخذ۔ نصح۔ طفق۔ سمع۔ جعلا۔ اخذا۔ طفقا

سوال ۶ افعال مقاربہ کسے کہتے ہیں۔مثال کے ساتھ لکھئے؟

سوال ۷ اپنے سبق کو غور سے پڑھئے اور اس میں آئے افعال مقاربہ کی شناخت کرکے ان میں کسی دو کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

*********



